سوال

(282)قبر کے سرہانے آگ جلانا منع ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب میت کو دفن کر کے آتے ہیں تورات کو اس کی قبر کے سرہانے آگ جلاتے ہیں۔ کیا یہ آگ جلانا جائز ہے۔؟ (حاجی نذیر خان، دامان حضرو)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دن کو میت دفن کر کے رات کو اس کی قبر کے سرہانے آگ جلانا کسی دلیل سے ثابت نہیں لہذا ایسا کرنا بدعت ہے۔ مشہور ثقہ تابعی امام سعید بن ابی سعید المقبری رحمة اللہ علیہ سے روایت ہے کہ (سیدنا) ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی وفات کے بعد آگ لے جانے سے منع فرمایا تھا۔ (مؤطا امام مالک رحمة اللہ علیہ 1/226۔ح532 وسند صحیح)

یعنی سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے رشتہ داروں اور متعلقین کو وصیت فرمائی تھی کہ میرے مرنے کے بعد میرے ساتھ آگ لے کر نہ جانا۔ (الحدیث: 61)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب الجنائز۔ صفحہ 527

محدث فتویٰ